نماز سے پہلے امام اپنے مسافر ہونے کا اعلان کرنا بھول گیا، نماز میں یاد آیا تو۔۔۔

مجیب: مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: 138

تاریخ اجراء: 12رجب المرجب 1441ھ /08مارچ 2020ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ امام مسافر تھا نماز کی نیت کرلی، لیکن نماز کے شروع میں مسافر ہونے کا اعلان کرنا یاد نہیں رہا، نماز کے دوران یاد آیا تو اب کیا کرے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

امام اگر مسافر ہو، تو اسے چاہیے کہ نماز کے شروع میں اپنے مسافر ہونے کا اعلان کر دے اور اگر شروع میں اعلان نہ کیا ہو، تو سلام پھیرنے کے بعد اعلان کر دے کہ اپنی نماز پوری کر لیں میں مسافر ہوں، اور اگر مسافر امام نماز کے شروع میں اعلان کر دے، جب بھی بہتر یہ ہے کہ نماز کے بعد دوبارہ اعلان کر دے کہ جو لوگ اس وقت موجود نہ تھے، انہیں بھی معلوم ہو جائے۔

امام کا اپنے مسافر ہونے کی خبر دینے کے متعلق درمختار میں ہے: ”وفي شرح الإرشاد ينبغي أن يخبرهم قبل شروعه وإلا فبعد سلامه **(أن يقول) بعد التسليمتين في الأصح أتموا صلاتكم فإني مسافر) لدفع توهم أنه سها**“ یعنی: شرح ارشاد میں ہے کہ مسافر امام نماز شروع کرنے سے پہلے لوگوں کو اپنے مسافر ہونے کی خبر دے دے اور **اگر شروع میں خبر نہ دی ہو، تو سلام پھیرنے کے بعد خبر دے دے اصح قول کے مطابق دونوں طرف سلام پھیرنے کے بعد وہ یوں کہے کہ اپنی نماز پوری کر لو کہ میں مسافر ہوں یہ اعلان کرنا اس وجہ سے ہے کہ نمازیوں کا یہ وہم دور ہو جائے کہ امام سے سہو واقع ہوا۔** (درمختار مع ردالمحتار، جلد02، صفحہ736، مطبوعہ کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے: ”یہ پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ حکم صحت اقتدا کے لیے شرط ہے کہ امام کا مقیم یا مسافر ہونا معلوم ہو، خواہ نماز شروع کرتے وقت معلوم ہوا ہو یا بعد میں، **لہٰذا امام کو چاہیے کہ شروع کرتے وقت اپنا مسافر ہونا ظاہر کر دے اور شروع میں نہ کہا، تو بعد نماز کہہ دے کہ اپنی نمازیں پوری کر لو میں مسافر ہوں۔ اور شروع میں کہہ دیا**

ہے جب بھی بعد میں کہہ دے کہ جو لوگ اس وقت موجود نہ تھے، انہیں بھی معلوم ہو جائے۔(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 749، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net